Atlas Honda Limited

57 ویں سالانہ اجلاسِ عام کی اطلاع

بذریعہ ہذا اطلاع دی جاتی ہے کہ اٹلس ہنڈا لمیٹڈ کے اراکین کا 57 واں سالانہ اجلاس عام بروز جمعرات مورخہ 24 جون 2021 کی صبح 11:00 بجے آن لائن بذریعہ "Zoom" درج ذیل امور کی انجام دہی کے لیے منعقد ہوگا۔

عمومی امور:

1۔ 30 جون 2020 کو منعقدہ سالانہ اجلاس عام کی کارروائی کی توثیق۔
2۔ 31 مارچ 2021 کو ختم شدہ سال کے کمپنی کے آڈٹ شدہ حسابات مع ان پر ڈائریکٹرز اور آڈیٹرز کی رپورٹس اور چیئرمین کے جائزے کی وصولی، غور و خوض اور منظوری۔
3۔ آڈیٹرز کا تقرر اور ان کے مشاہرے کا تعین کرنا۔ شیئر ہولڈرز کو مطلع کیا جاتا ہے کہ بورڈ اور بورڈ کی آڈٹ کمیٹی نے میسرز شائن ونگ حمید چوہدری اینڈ کمپنی، چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس کا نام دوبارہ تقرری کے لیے تجویز کیا ہے۔
4۔ بورڈ آف ڈائریکٹرز کی سفارش کے مطابق 31 مارچ 2021 کو ختم شدہ سال کے لیے حتمی نقد منافع منقسمہ بحساب 135 فیصد یعنی 13.5 روپے فی شیئر کی منظوری۔ یہ پہلے سے ادا شدہ حتمی نقد منافع منقسمہ بحساب 40 فیصد یعنی 4.00 روپے فی شیئر کے علاوہ ہے۔

دیگر کاروبار

5۔ صدر اجلاس کی اجازت سے کسی دیگر کارروائی کی انجام دہی۔

حسب الحکم بورڈ
مریم احمد۔ کمپنی سیکریٹری

کراچی: 03 جون 2021

نوٹس:

i۔ **شیئر ہولڈرز کے سالانہ اجلاس عام میں کرونا وائرس سے متعلق ہنگامی اقدامات**

سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کے سرکلر نمبر 5 بتاریخ 7 مارچ 2020، سرکلر نمبر 10 بتاریخ 1 اپریل 2020، سرکلر نمبر 33 بتاریخ 05 نومبر 2020، 2020-2021 کا سرکلر نمبر 4 بتاریخ 15 فروری 2021 اور سال 2021 کا سرکلر نمبر 6 بتاریخ 04 مارچ 2021 کی تعمیل میں کرونا وائرس (COVID-19) کے اثرات کو بڑھنے سے روکنے کے لیے کارپوریٹ اداروں اور کمپنیوں کو مشورہ دیا گیا ہے کہ وہ اپنے سالانہ اجلاس عام کے انعقاد کے سلسلے میں اپنی معمول کی پلاننگ میں ترمیم کریں اور حصص داران اور عوام کی حفاظت و فلاح و بہبود کے لیے بڑے پیمانے پر عوامی اجتماعات کے بجائے ویڈیو لنک کی سہولت سے استفادہ حاصل کریں۔

عوامی اجتماعات پر حکومت کی جانب سے عائد پابندیوں اور ایس ای سی پی کی ہدایت کو مدنظر رکھتے ہوئے، کمپنی حصص داران کی حفاظت اور فلاح و بہبود کے لیے کمپنی کے رجسٹرڈ آفس، 1 میکلوڈ روڈ، لاہور سے منظم ویڈیو لنک سہولیات کے ذریعے ورچوئل طور پر اس AGM کو طلب کرنے کا ارادہ رکھتی ہے۔ کمپنی کے کورم کی ضروریات کی تعمیل کو یقینی بناتے ہوئے سمارٹ فونز/ٹیبلٹ/کمپیوٹرز کا استعمال کرتے ہوئے اے جی ایم میں شرکت کی جا سکتی ہے۔ ہم اس بات کو تسلیم کرتے ہیں کہ ہمارے حصص داران سالانہ اجلاس عام کو نہایت قدر کی نگاہ سے دیکھتے ہیں کیونکہ یہ ان کے لیے بورڈ اراکین کے ساتھ رابطہ کا بہترین موقع ہوتا ہے۔ تاہم، کمپنی کو ان غیر معمولی حالات میں حفاظت کو پہلے رکھنا اور تمام اسٹیک ہولڈرز کا تحفظ یقینی بنانا ہوگا۔

ویڈیو لنک کے ذریعے اے جی ایم کارروائی میں حصہ لینے کے لیے، حصص داروں کو لازم ہے کہ وہ اپنے نام، فولیو نمبر، سیل نمبر، اور حصص کی تعداد، کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (دونوں اطراف) کو investor.relations@atlashonda.com.pk پر ای میل کریں اور اپنی ای میل کا عنوان "اٹلس ہنڈا لمیٹڈ سالانہ اجلاس عام کے لیے رجسٹریشن" رکھیں۔ ویڈیو لنک اور لاگ ان کی تفصیلات صرف ایسے حصص داران کے ساتھ شیئر کی جائیں گی جن کے ای میلز، تمام تر درکار ضروریات کی تکمیل کے ساتھ 22 جون 2021 کو کاروباری اوقات کار کے اختتام سے قبل ہمیں موصول ہو جائیں گی۔

شیئر ہولڈرز سالانہ اجلاس عام کے ایجنڈا آئٹم سے متعلق اپنے سوالات اور تبصرے بذریعہ ای میل investor.relations@atlashonda.com.pk ارسال کر سکتے ہیں۔

ii۔ **ای۔ ووٹنگ**

کمپنیز ایکٹ 2017 کی درکار ضروریات S.143-145 اور کمپنیز (پوسٹل بیلٹ) ریگولیشنز 2018 کے لاگو قوانین کے تحت اراکین ای۔ ووٹنگ کا حق بھی استعمال کر سکتے ہیں۔

iii۔ **حصص منتقلی کتب کی بندش**

کمپنی کی شیئر ٹرانسفر بکس 10 جون 2021 تا 24 جون 2021 (بشمول دونوں دن) بند رہیں گی۔ کمپنی کے شیئر رجسٹرار یعنی میسرز حمید مجید ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ واقع ایم ایچ اے ہاؤس، 7 بینک اسکوائر، شاہراہ قائد اعظم، لاہور، پاکستان کو 09 جون 2021 سے پہلے موصول ہونے والے ٹرانسفرز متعلقہ اشخاص کو حتمی نقد منافع منقسمہ کی ادائیگی اور اجلاس میں شرکت کرنے اور ووٹ ڈالنے کے لیے قابل قبول تصور کیے جائیں گے۔

iv۔ **سالانہ اجلاس عام میں شرکت**

اس سالانہ اجلاس عام میں شرکت کرنے، اپنی رائے کا اظہار کرنے اور ووٹ دینے کے حقدار تمام حصص داران اپنی جانب سے اجلاس میں شرکت کرنے اور ووٹ دینے کے لیے پراکسی کے طور پر کسی اور حصص دار کو مقرر کرنے کا حقدار ہوں گے۔ ایک کارپوریٹ ادارہ شیئر ہولڈر ہونے کے ناطے کسی بھی شخص کی تقرری کر سکتا ہے، خواہ وہ شخص حصص دار ہو یا نہیں ہو۔ کارپوریٹ اداروں کی صورت میں، کارپوریٹ ادارے کی جانب سے نمائندگی اور ووٹ ڈالنے کے لئے نامزد شخص کے نمونے کے دستخط کے ساتھ بورڈ آف ڈائریکٹرز/ پاور آف اٹارنی کی قرارداد کمپنی کو ایک مکمل پراکسی فارم کے ساتھ پیش کی جائے گی۔

پراکسی کی نامزدگی کی صورت میں کمپنی کے رجسٹرڈ آفس یا کمپنی کے شیئر رجسٹرار کو اجلاس کے وقت سے 48 گھنٹے قبل نامزدگی کی درخواست موصول ہو جانی چاہیے۔ حصص یافتگان کی سہولت کے لئے سالانہ رپورٹ 2021 کے ساتھ ایک پراکسی درخواست فارم روانہ کیا جاتا ہے۔

سی ڈی سی اکاؤنٹ ہولڈرز کو ایس ای سی پی کے ذریعہ درج ذیل ہدایات پر عمل کرنا ہوگا۔

الف۔ اجلاس میں شرکت کے لیے

(i) انفرادی شخص ہونے کی صورت میں، اکاؤنٹ ہولڈر یا ذیلی اکاؤنٹ ہولڈر اور/یا جس کی سکیورٹیز گروپ اکاؤنٹ میں ہیں اور ان کی رجسٹریشن تفصیلات ریگولیشنز کے مطابق اپ لوڈ کی گئی ہیں وہ اپنی شناخت کی تصدیق اپنا اصلی کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ یا اصلی پاسپورٹ اجلاس کے انعقاد سے کم از کم 48 گھنٹے قبل مذکورہ ای میل ایڈریس پر ارسال کریں۔
(ii) کارپوریٹ اداروں کے نمائندگان کو بورڈ آف ڈائریکٹرز/ٹرسٹی کی قرارداد/پاور آف اٹارنی بمعہ نامزد فرد کے نمونہ دستخط اجلاس کے انعقاد سے کم از کم 48 گھنٹے قبل مذکورہ ای میل ایڈریس پر ارسال کرنا ہوں گے (اگر پہلے پیش نہ کیے گئے ہوں)۔

ب۔ پراکسی نامزدگی کی صورت میں

(i) انفرادی فرد ہونے کی صورت میں، اکاؤنٹ ہولڈر یا ذیلی اکاؤنٹ ہولڈر اور/یا فرد جس کی سکیورٹیز گروپ اکاؤنٹ میں ہیں اور ان کی تفصیلات ریگولیشنز کے مطابق اپ لوڈ کر دی گئی ہیں، انہیں اوپر درج ضروریات کے مطابق پراکسی فارم جمع کروانا ہوگا۔
(ii) بینفیشل اونرز اور پراکسی کے کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ یا پاسپورٹ کی تصدیق شدہ نقل پراکسی فارم کے ساتھ مہیا کی جائے گی۔
(iii) پراکسی کو اجلاس کے انعقاد سے کم از کم 48 گھنٹے قبل اپنا اصلی CNIC یا اصلی پاسپورٹ مذکورہ بالا ای میل ایڈریس پر ارسال کرنا ہوگا۔
(iv) کارپوریٹ ادارہ ہونے کی صورت میں، بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/پاور آف اٹارنی بمعہ نمونہ دستخط کمپنی کو پراکسی فارم کے ساتھ اجلاس کے انعقاد سے کم از کم 48 گھنٹے قبل مذکورہ ای میل ایڈریس پر ارسال کیے جائیں گے۔ (اگر پہلے مہیا نہیں کیے گئے ہیں تو)
(v) پراکسی فارم کی گواہی دو افراد دیں گے جن کے نام، پتے اور درست CNIC نمبرز کا اندراج فارم پر کیا جائے گا۔

v۔ **حصص یافتگان کے پتے میں تبدیلی**

ایسے اراکین جو فزیکل (کاغذی شکل میں) حصص رکھتے ہیں ان سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ اپنے پتے میں کسی بھی قسم کی تبدیلی سے متعلق ہمارے شیئر رجسٹرار کو جلد از جلد آگاہ کریں۔

فزیکل حصص رکھنے والے ایسے تمام انفرادی حصص داران جنہوں نے ابھی تک اپنا CNIC نمبر درج نہیں کروایا ہے انہیں ایک مرتبہ پھر یاد دہانی کروائی جاتی ہے کہ وہ فوری طور پر اپنے CNIC کی نقل ہمارے شیئر رجسٹرار کو پیش کریں۔ CNIC کی نقل جمع کرواتے وقت حصص داران کو اپنے متعلقہ فولیو نمبر کا حوالہ بھی دینا ہوگا۔

سی ڈی سی میں اکاؤنٹس رکھنے والے کارپوریٹ شیئر ہولڈرز پر لازم ہے کہ وہ اپنے متعلقہ پارٹیسپنٹ کے پاس اپنا NTN نمبر اپ ڈیٹ کریں، جبکہ فزیکل شیئرز رکھنے والے کارپوریٹ اداروں کو اپنے NTN کی ایک نقل ہمارے شیئر رجسٹرار کو ارسال کرنی ہوگی۔ کارپوریٹ شیئر ہولڈرز کو NTN یا NTN سرٹیفکیٹ بھیجتے وقت (جو بھی معاملہ ہو) کمپنی کا نام، متعلقہ فولیو نمبرز کا حوالہ دینا لازمی ہے۔

vi۔ **سالانہ رپورٹ 2021 کی ترسیل**

31 مارچ 2021 کو ختم ہونے والے سال کے لیے کمپنی کے مالیاتی حسابات بمعہ رپورٹس کو کمپنی کی ویب سائٹ پر دستیاب کر دیا گیا ہے۔

https://www.atlashonda.com.pk/financial-reports/

SECP کے SRO 470(1)/2016 بتاریخ 31 مئی 2016 کے مطابق کمپنی کے شیئر ہولڈرز نے اجلاس عام میں کمپنی کو منظوری دے دی ہے کہ کمپنی اپنے سالانہ بیلنس شیٹ، نفع و نقصان کے اکاؤنٹس، آڈیٹرز اور ڈائریکٹرز کی رپورٹ اور کمپنی کے دیگر معاملات کی معلومات اپنے اراکین کو کاغذی شکل کے بجائے بذریعہ CD/DVD/USB ان کے رجسٹرڈ پتوں پر ارسال کر سکتی ہے۔ مندرجہ بالا کے مطابق، کمپنی نے 2021 سالانہ رپورٹ اپنے ایسے حصص داران کو بذریعہ CD ارسال کر دی ہے، جن کی رابطے کی معلومات کمپنی کے ریکارڈ میں اپ ڈیٹ کر دی گئی تھیں۔

وہ شیئر ہولڈرز جو مذکورہ بالا دستاویزات کی کاغذی کاپی حاصل کرنا چاہتے ہیں، ان سے درخواست کی جاتی ہے کہ کمپنی سیکریٹری/شیئر رجسٹرار کو اپنی درخواست بھیجیں، اس سلسلے میں اسٹینڈرڈ درخواست فارم سالانہ رپورٹ کے ساتھ مہیا کیا گیا ہے اور کمپنی کی ویب سائٹ پر بھی دستیاب ہے۔ کمپنی شیئر ہولڈرز کی درخواست پر مذکورہ بالا دستاویزات کی کاغذی کاپی بلا معاوضہ ایک ہفتے کے اندر مہیا کرے گی۔

وہ شیئر ہولڈرز جو سالانہ رپورٹ بمعہ اجلاس کا نوٹس بذریعہ ای میل وصول کرنے کی خواہش رکھتے ہیں، ان سے درخواست کی جاتی ہے کہ اپنی رضامندی کی تحریری درخواست اسٹینڈرڈ درخواست فارم میں پُر کر کے جمع کروائیں۔ یہ فارم سالانہ رپورٹ کے ساتھ ساتھ کمپنی کی ویب سائٹ پر بھی دستیاب ہے www.atlashonda.com.pk

vii۔ **ڈیویڈنڈ مینڈیٹ**

کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 242 کی تعمیل میں، لسٹڈ کمپنی کے لیے لازمی ہے کہ وہ اپنے حصص داران کو کیش ڈیویڈنڈ الیکٹرونک ذرائع سے براہ راست ان کے اکاؤنٹ میں جمع کروائے جس کی تفصیلات حصص داران کی جانب سے جمع کروائی گئی ہیں۔

اسی طرح اپنے بینک اکاؤنٹ میں براہ راست ڈیویڈنڈ وصول کرنے کے لیے فزیکل شیئر ہولڈرز سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ کمپنی کی ویب سائٹ http://www.atlashonda.com.pk پر دستیاب الیکٹرونک کریڈٹ مینڈیٹ فارم مکمل پُر کر کے اپنے دستخط اور CNIC کی نقل کے ساتھ کمپنی کے شیئر رجسٹرار کو جمع کروائیں۔ اگر حصص CDC کے پاس جمع ہیں تو الیکٹرونک کریڈٹ مینڈیٹ فارم پُر کر کے براہ راست شیئر ہولڈر کے بروکر/پارٹیسپنٹ/CDC اکاؤنٹ سروسز کو جمع کروائیں۔

viii۔ **غیر کلیم شدہ ڈیویڈنڈ**

ایسے شیئر ہولڈرز جو کسی بھی وجہ سے اپنے منافع (حصص) کا دعویٰ نہیں کر سکے ہیں (اگر کوئی ہے) تو انہیں چاہیے کہ ہمارے شیئر رجسٹرار سے رابطہ کریں اور اپنے غیر ادا شدہ منافع (حصص) کے بارے میں معلومات حاصل کریں (اگر کوئی ہے تو)۔

کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 244 کی تعمیل میں، مقررہ طریقہ کار مکمل کرنے کے بعد، اس طرح کے تمام منافع 3 سال یا اس سے زیادہ مدت کے لئے بقایا اور قابل ادائیگی کی تاریخ سے وفاقی حکومت کے پاس جمع کروائے جائیں گے اور حصص کی صورت میں، ایس ای سی پی کے حوالے کیا جائے گا۔

ix۔ **ڈیویڈنڈ پر ودہولڈنگ ٹیکس**

فنانس ایکٹ 2020 کے مطابق کمپنی کی جانب سے ادا کیے جانے والے ڈیویڈنڈ پر ودہولڈنگ ٹیکس کی کٹوتی کے مختلف ریٹ تجویز کیے گئے ہیں جو کہ درج ذیل ہیں۔

انکم ٹیکس ریٹرن کے فائلرز کے لیے	15 فیصد	انکم ٹیکس ریٹرن کے نان فائلرز کے لیے	30 فیصد

فائلر ایک ایسا ٹیکس دہندہ ہے جس کا نام فیڈرل بورڈ آف ریونیو کی جانب سے وقتاً فوقتاً جاری کردہ تازہ ترین Active Tax payer List (ATL) میں موجود ہے۔

وہ تمام شیئر ہولڈرز جن کے نام ATL میں موجود نہیں ہیں، انہیں ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ کمپنی کو ودہولڈنگ ٹیکس 15 فیصد پر کٹوتی کا مجاز بنانے کے لیے اس بات کو یقینی بنائیں کہ ان کا نام فیڈرل بورڈ آف ریونیو کی ویب سائٹ پر جاری کردہ تازہ ترین ATL میں موجود ہوں وگرنہ بصورت ان کے کیش ڈیویڈنڈ پر ٹیکس کٹوتی 30 فیصد کے حساب سے کی جائے گی۔

مشترکہ شیئر ہولڈر ہونے کی صورت میں، ہر شیئر ہولڈر کو اپنی شیئر ہولڈنگ کے بارے میں مندرجہ ذیل طریقہ کار کے مطابق معلومات فراہم کرنی ہوں گی، جیسا کہ فائلر اور نان فائلر کی ٹیکس کٹوتی کے لیے درکار ہے۔ اگر کمپنی کو حصص داران کی جانب سے ایسا کوئی نوٹیفکیشن موصول نہیں ہوتا ہے تو ایسا تصور کیا جائے گا کہ ہر حصص دار برابر تعداد میں حصص کی ملکیت رکھتا ہے۔

فولیو/CDS	مجموعی شیئرز	پرنسپل شیئر ہولڈرز		جوائنٹ شیئر ہولڈرز	
		نام اور CNIC نمبر	شیئر ہولڈنگ کا تناسب (شیئرز کی تعداد)	نام اور CNIC نمبر	شیئر ہولڈنگ کا تناسب (شیئرز کی تعداد)

مطلوبہ معلومات کمپنی کے شیئر رجسٹرار کو 15 جون 2020 کو کاروباری اوقات ختم ہونے سے قبل موصول ہو جانا چاہیے بصورت دیگر یہ سمجھا جائے گا کہ پرنسپل شیئر ہولڈر اور مشترکہ شیئر ہولڈر(ز) برابر کی بنیاد پر شیئرز کی ملکیت رکھتے ہیں۔

ایف بی آر کی جانب سے جاری وضاحت کے تحت، انکم ٹیکس آرڈیننس 2001 کے دوسرے شیڈول کے IV حصے میں موجود کلاز 47B کے تحت آرڈیننس میں موجود سیکشن 159 کے ذریعے ودہولڈنگ ٹیکس سے استثنیٰ حاصل کرنے کے لیے باضابطہ استثنیٰ سرٹیفکیٹ جمع کروانا لازمی ہے۔ مندرجہ بالا کلاز میں واضح کردہ کیٹگری میں شمار ہونے والوں سے درخواست ہے کہ وہ اپنا کارآمد استثنیٰ سرٹیفکیٹ ہمارے شیئر رجسٹرار کو جمع کروائیں بصورت دیگر انکم ٹیکس آرڈیننس 2001 کے سیکشن 150 میں درج نرخ کے مطابق ٹیکس کٹوتی کی جائے گی۔

x۔ **فزیکل شیئرز کو CDC اکاؤنٹ میں جمع کروانا**

کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 72 کے مطابق، ہر کمپنی کے لیے لازمی ہے کہ وہ اپنے فزیکل یعنی کاغذی حصص کو بک اینٹری کی شکل میں بالکل اسی طرح تبدیل کرے جیسا کہ کمیشن کی جانب سے مطلع شدہ تاریخ اور واضح کردہ طریقہ کار میں بیان کیا گیا ہے، جس کی تاریخ کمپنیز ایکٹ 2017 کے آغاز 31 مئی 2017 سے چار سال مدت سے زیادہ نہیں ہے۔

فزیکل شیئر ہولڈنگ رکھنے والے شیئر ہولڈرز اپنے فزیکل شیئرز کو اسکرپ لیس فارم میں رکھنے کے لیے کسی بھی بروکر کے ساتھ CDC ذیلی اکاؤنٹ کھلوا سکتے ہیں یا CDC کے ساتھ براہ راست اپنا اکاؤنٹ بھی کھلوا سکتے ہیں۔ اس طرح انہیں متعدد سہولیات حاصل ہوں گی جن میں حصص کی محفوظ تحویل اور اپنی مرضی کے مطابق فروخت بھی شامل ہے، جیسا کہ اسٹاک ایکسچینج کے موجودہ قواعد کے مطابق فزیکل شیئرز کی ٹریڈنگ کی اجازت نہیں ہے۔

xi۔ **زکوۃ ڈیکلریشن (CZ-50)**

زکوۃ کی کٹوتی ڈیویڈنڈ سے شیئر کے ہر 10 روپے پیڈ اپ ویلیو کی 2.5 فیصد کی شرح کے حساب سے کی جائے گی، اور مقرر کردہ مدت میں متعلقہ اتھارٹی کے ساتھ جمع کروا دی جائے گی۔ استثنیٰ کے لیے دعوے کی صورت میں، براہ مہربانی اپنے زکوۃ اور عشر آرڈیننس 1980 کے تحت زکوۃ ڈیکلریشن اور رول 1981 کے زکوۃ (کٹوتی اور رقم کی ادائیگی) کے رول، CZ-504 فارم ہمارے شیئر رجسٹرار کے ساتھ جمع کرائیں۔ فزیکل شیئر ہولڈرز سے مندرجہ بالا ڈیکلریشن ہمارے شیئر رجسٹرار کو صحیح طریقے سے جمع کروانے کی درخواست ہے۔ حصص داران لازمی طور پر متعلقہ CDS A/C # یا فولیو نمبر اور اٹلس ہنڈا لمیٹڈ کا نام زکوۃ ڈیکلریشن میں متعلقہ جگہ درج کریں۔